کردی ہے کہ ’’اس مجموعہ میں جو بھی آراء پیش کی گئی ہیں وہ مقالہ نگاروں کی اپنی تحقیقات ہیں، انھیں ادارہ علوم القرآن کی رائے نہیں سمجھنی چاہیے‘‘ (ص ۱۲)۔ (م-ر)

تاریخ تدوین وجمعِ قرآن تالیف: ڈاکٹر اسماعیل احمد الطحان

ناشر: اسلامک بک فاؤنڈیشن، ۱۷۸۱- حوض سوئی والان، نئی دہلی-۲، صفحات: ۵۶، قیمت-/۴۰ روپے

اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ آخری کتاب قرآن مجید اور صاحبِ کتاب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے اعمال و ارشادات، جنھیں اسلامی اصطلاح میں حدیث کہا جاتا ہے، اسلام کے بنیادی مآخذ ہیں۔ یہ دونوں لازم وملزوم ہیں۔ ان کے بغیر اسلام کا تصور ہی نہیں کیا جاسکتا۔ ان میں سے کسی ایک کا انکار یا استخفاف اسلام کا ردّ واستخفاف ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دشمنانِ اسلام کی نگاہ میں یہ دونوں چیزیں ہمیشہ کھٹکتی رہی ہیں۔ آئے دن ان کی طرف سے ان دونوں بنیادوں پر حملے ہوتے رہتے ہیں۔ کبھی قرآن مجید کے سلسلے میں ناسخ ومنسوخ کی بحث چھیڑ کر، تو کبھی رسول اللہ ﷺ کی احادیث وسنت کے سلسلے میں شارع اور شارح کی نکتہ آفرینی پیدا کرکے لوگوں کی یک سوئی مجروح کی جاتی ہے۔ انیسویں صدی کے نصف آخر سے تشکیک وشبہات کے ان فتنوں نے کچھ زیادہ ہی پَر پُرزے نکالے ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا فضل ہے کہ امت کے بیدار مغز اور اصلاح پسند اہل علم ہمیشہ اس طرف متوجہ رہے ہیں اور ان فتنوں کی سرکوبی کرتے رہے ہیں۔

ایک طبقہ یہ تاثر دینا چاہتا ہے کہ چوں کہ عہد رسولؐ میں قرآن مجید مرتب شکل میں نہیں تھا، حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے دور میں حافظے اور یادداشت کی بنیاد پر اس کی موجودہ شکل سامنے آئی ہے، اس لیے ممکن ہے کہ اس کا کچھ حصہ ضبط تحریر میں آنے سے رہ گیا ہو۔ اس سلسلے میں علمائے کرام نے بڑے ٹھوس اور مدلل جوابات دیے ہیں۔ اِس ذیل میں مولانا عبداللطیف رحمانی کی ’تاریخ القرآن‘، جناب صدیق حسن صاحب کی ’جمع وتدوین قرآن‘ اور مولانا سید مناظر احسن گیلانی کی ’تدوین قرآن‘ کو خصوصی شہرت حاصل ہے۔ ڈاکٹر اسماعیل الطحان کی زیر نظر کتاب

'تاریخ تدوین وجمع قرآن' بھی اسی سلسلے کی ایک عمدہ کوشش ہے۔ یہ کتاب عربی میں تھی۔ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی نے سہل اور عام فہم اردو زبان میں اس کے ترجمہ کی خدمت انجام دی ہے۔

کتاب میں مصنف نے مضبوط دلائل کے ساتھ ثابت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو پورا قرآن زبانی یاد تھا، آپ اسے دوہراتے رہتے تھے اور اپنے ہی سامنے اُسے مکمل طور پر لکھوا بھی لیا تھا۔ کتابت وحی کے لیے آپ نے بعض صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو متعین بھی کر رکھا تھا۔ ایسی صورت میں اس میں کسی بھی قسم کا شک وشبہ پیدا کرنا سراسر باطل ہے۔

بلاشبہ یہ کتاب بہ قامت کہتر بہ قیمت بہتر کی مصداق ہے۔ (تابش مہدی)

معرکۂ اسلام و جاہلیت

مولانا صدرالدین اصلاحی

اسلام کی بصیرت افروز آگہی کے لیے جاہلیت سے واقفیت ناگزیر ہے۔

☆ عقائد، عبادت، اخلاقیات اور زندگی کے تمام معاملات میں جاہلیت اور اسلام کے درمیان اصولی فرق کیا ہے؟

☆ دونوں کے درمیان فطری اور مسلسل کش مکش کا انداز کیا ہے؟

☆ جاہل عناصر کس طرح اسلامی تصورات میں اپنی جگہ بنا لیتے ہیں؟

ان اہم پہلوؤں پر اس کتاب میں سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ مصنف کے گہر بار قلم نے موضوع کا حق ادا کر دیا ہے۔ صفحات: ۲۱۶ قیمت: -/۸۵ روپئے

اس کتاب کا انگریزی ترجمہ ڈاکٹر اسرار احمد خان نے انتہائی معاری اور دلکش اسلوب میں Islamic Civilization in its Real Prespective کے نام سے کیا ہے۔

آفسیٹ کی عمدہ طباعت صفحات: ۱۳۷ قیمت: -/۹۰ روپئے

ملنے کے پتے : ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی، پوسٹ بکس نمبر-۹۳، علی گڑھ-۲

مرکزی مکتبہ اسلامی پبلیشرز، دعوت نگر ابوالفضل انکلیو، نئی دہلی-۲۵